24/09/2025
09.20 AM(5 min)

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے -
اب آپ شیخ انوا ر الحق سے خبریں سُنئے

وزیر اعلیٰ
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ گاندربل میں طبی نگہداشت ، تعلیم ، سڑک رابطوں اور دیگر سہولیات کو دوام بخشنے کے لئے اپنے Constituency Development فنڈ میں سے تین کروڑ 77 لاکھ روپے منظور کئے ہیں -

عمر ملاقات
پارلیمنٹ ممبر اور پبلک Undertakings کمیٹی کے چیر پرسن بی جے پانڈا نے کل وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ سرینگر میں ملاقات کی -

لیفٹنٹ گورنرخراج
لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے مہاراجہ ہری سنگھ جی کو ان کی جنم جینتی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے - ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے انہیں بلند پایہ سٹیٹس مین قرار دیا جنہوں نے عام آدمی کی بہبودی کے لئے کئی اصلاحات متعارف کئے -

آیوشمان بھارت
آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا کی عمل آوری کے سات سال مکمل ہو گئے ہیں - جموں کشمیر میں اس اسکیم کی عمل آوری کے تعلق سے سٹیٹ ہیلتھ ایجنسی کے نوڈل آفیسر پرتیک پنجاتھیہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
............Byte............

GST
ملک بھرمیں جدید GST اصلاحات لاگو ہو گئی ہیں۔ یہ قدم بھارت کے براہ راسٹ ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی جانب ایک بڑا قدم مانا جا رہا ہے۔اشیاءاور خدمات پر ٹیکس میں کمی سے عام شہریوں کو بڑے پیمانے پر راحت مل رہی ہے -

--------JINGLE --------

نائب وزیراعلیٰ
نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے کل وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی کے ہمراہ سرینگر اور گاندربل کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے وہاں ترقیاتی کاموں خاص طور سے سڑکوں اور پلوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا -

ہائی کورٹ
جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے جج جسٹس سنجیو کمار نے کل گریز سے ورچول طریقے پر ہائی کورٹ ڈویژن بنچ Proceedings میں شرکت کی - اس عمل سے عدالتی نظام میں ٹیکنالوجی کے موثر استعمال کی ایک اہم مثال پیش ہوتی ہے -

جنازہ

معروف صحافی خور شید وانی کی دختر کا نماز جنازہ آج صبح 11 بجے دیور ترال کی شاہی مسجد کے صحن میں انجام دیا جائے گا ۔ جیسے کہ پہلے خبر دی جا چکی ہے کہ مرحومہ کل صبح حیدر آباد میں ایک دلدوز سڑک حادثے میں جان بحق ہوئی تھیں ۔

سیوا پرو

جموںو کشمیر بھر میں سیوا پرو کے تحت اختراعی سرگرمیوں کا انعقاد جا ری ہے۔ سیوا پرو کے تحت مختلف اضلاع میں بیداری کیمپ اور دیگر پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سیوا پرو اور سوستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت ضلع اسپتال گاندربل میں ایک بڑے ہیلتھ کیمپ کا آغاز کیا ۔ اس دوران 70 برس سے زیادہ عمر کے شہریوں میں گولڈن کارڈ تقسیم کئے گئے ۔ انہوں نے بعد میں کھیر بھوانی میں یاتری نواس کا بھی دورہ کیا ۔

سیوا پرو اضلاع

بانڈی پورہ میں سیوا پرو تقریبات کو جاری رکھتے ہوئے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی مہم چلائی گئی اور ماحولیاتی توازن سے متعلق لوگوں میں بیداری پیدا کی گئی ۔
بڈگام میں سیوا پرو کے تحت ثقافت اور زراعت سے متعلق بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔
اننت ناگ میں اس مہم کے تحت ہارٹیکلچر محکمے کی طرف سے ککر ناگ میں ایک مشینری شو کا اہتمام کیا گیا ۔

پلوامہ

سیوا پرو تقریبات کے تحت پلوامہ میں مختلف محکموں کی طرف سے متعدد سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا جن میں شرکاءکو عوامی بہبود کی مختلف سکیموں اور بیداری مہموں کے بارے میں جانکاری دی گئی ۔

شوپیان

شوپیان میں بھی سیوا پرو کے تحت مختلف محکموں نے بیداری پروگراموں کا انعقاد کر کے بہتر حکمرانی سے جڑے امور اور لوگوں کے لئے دستیاب سہولیات سے لوگوں کو روشناس کرایا ۔

کشمیر یونیورسٹی

سیوا پرو کے تحت کشمیر یونیورسٹی کی طرف سے بھی کئی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا جن میں پروگرام شامل ہیں ۔ Literacy صفائی ستھرائی مہم ، فیلڈ دورے اور

ابھیان

دریں اثناءجموںو کشمیر کے مختلف ضلعوں میں سوستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت بھی مختلف مقامات پر خصوصی پروگراموں کا انعقاد جا ری ہے۔ کمیونٹی ہیلتھ مراکز ، پرائمری ہیلتھ سینٹروں اور آیوشمان آروگیہ مندروں نے محکمہ صحت کی طرف سے صحت سے متعلق بیداری کیمپوں اور کونسلنگ پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔

وحید جیلانی

جموں کشمیر کے ایک معروف فنکار استاد وحید جیلانی نے وزیر اعظم نریندر مودی سے یہاں کے روایتی فن کو دوبارہ بحال کرنے میں ان کی مداخلت طلب کی ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ یوٹی

کے ادبی ، ثقافتی اور نشریاتی اداروں نے مقامی فنکاروں کو یکسر نظر انداز کیا ہے ، جس کے نتیجے میں فنی اور ثقافتی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت
خدا حافظ